654- سورۃ یس کی بارہ میں ضعیف حدیث

سوال

وہ کون سی سورۃ ہے جو قرآن مجید کا دل شمار ہوتی ہے ؟

پسندیدہ جواب

ایک حدیث میں یہ وارد ہے کہ سورۃ یس قرآن مجید کا دل ہے ، لیکن یہ حدیث ضعیف ہے ۔ دیکھیں علامہ البانی رحمہ اللہ کی کتاب سلسلۃ احادیث الضعیفۃ حدیث نمبر (169) ۔

اوراس میں توکوئ شک وشبہ نہیں کہ سورۃ یس ایک عظیم سورۃ ہے جس میں بہت ہی موثر قسم کے قصص اور اثر بالغ رکھنے والی عبرتیں پائ جاتی ہیں لیکن اسے قرآن مجید کا دل کہنا کہیں بھی ثابت نہیں ہے ۔

ہم آپ کو اس بات پر داد دیتے ہیں کہ آپ اتنی کم عمری (یعنی تیرہ برس کی عمر میں) کے باوجود اس قسم کے سوال کررہے ہیں جو کہ قابل صد تحسین ہے ، اللہ تعالی آپ کی غلطیوں کی اصلاح فرمائے اور اعمال صالحہ کی توفیق عطا فرمائے آمین یارب العالمین ۔

واللہ تعالی اعلم .